بسم اللہ الرحمن الرحیم

جن کا بلی کی شکل میں آنا

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

کیا جن بلی کی شکل میں آسکتا ہے؟

جواب

جی ہاں! جن بلی کی شکل میں آسکتا ہے۔ ردالمحتار میں ہے "الجن يتشكلون بصور شتى ---لأن تشكلهم ثابت بالأحاديث والآثار والحكايات الكثيرة ولذا ثبت النهي عن قتل بعض الحيات "**ترجمہ: جنات مختلف شکلیں اختیار کرتے ہیں، کیونکہ ان کا مختلف شکلیں اختیار کرنا، احادیث، آثار اور کثیر حکایات سے ثابت ہے، اور اسی وجہ سے بعض سانپوں کو مارنے کی ممانعت ثابت ہے۔** (رد المحتار، کتاب النکاح، ج04، ص69، مطبوعہ: کوئٹہ)

علامہ عبد الرؤوف مناوی علیہ الرحمہ فیض القدیر میں فرماتے ہیں: "والجن اجسام لطيفة هوائية تتشكل باشكال مختلفة" **ترجمہ: اور جنات لطیف، ہوائی اجسام ہوتے ہیں، جو مختلف شکلیں اختیار کرسکتے ہیں۔** (فیض القدیر، جلد1، صفحہ 111، مطبوعہ: مصر)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا محمد ابو بکر عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-4753

تاریخ اجراء: 02 رمضان المبارک 1447ھ/20 فروری 2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com darulitaahlesunnat DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat feedback@daruliftaahlesunnat.net